سوال

(516)اَلسَّرَاوِیلُ لِمَنْ لاَّیَجِدُ...اس کا کیا مطلب ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اَلسَّرَاوِیلُ لِمَنْ لاَّیَجِدُ الْاِزَارَ وَالْخُفُ لِمَنْ لاَّیَجِدُ النَّعْلَیْنِ))اس کا کیا مطلب ہے ؟

(قاسم بن سرور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محرم کے لیے حالت احرام میں سراویل وخف پہننے منع ہیں۔ ہاں اگر کسی محرم کو ازار نہیں مل رہا تو وہ سراویل پہن سکتا ہے۔ اسی طرح کسی محرم کو نعلین (جوتے) نہیں مل رہے تو وہ خفین (موزے) پہن سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی کو احرام کے لیے تہبند نہ ملے تو وہ پاجامہ پہن لے اور اگر کسی کو جوتے نہ ملیں تو وہ موزے پہن لے۔ 3

۱۶ ۱ ۱۴۲۳ھ

3 صحیح بخاری کتاب جزاء الصید باب اذالم یجد الازار فلیلبس السراویل

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص449

محدث فتویٰ